عوامی غیض بیکراں کی طرف اشارہ کیا ہے۔ وہ دراصل انہی حکمرانوں کی ناعاقبت اندیشانہ پالیسیوں اور غلط روی کا منطقی نتیجہ ہوتا ہے۔ لوگوں کے اجتماعی اضطراب کی پروانہ کرنے والے اپنے علاقوں میں ایسی گھٹن پیدا کرنے کا باعث بنتے ہیں کہ جس پر انہیں کسی قسم کی صدائے احتجاج سنائی ہی نہیں دیتی یا وہ عمداً سننا ہی نہیں چاہتے اور عوام النّاس کو اپنی عارضی طاقت سے کچلنے کی غلط راہ پر چل نکلتے ہیں اور **لمن الملک الیوم** کا نعرہ بلند کرتے ہیں تو بپھرے ہوئے لوگ کہیں کلاشنکوف کا بٹ مارتے ہیں اور کبھی خود کش حملے کرتے ہیں۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ ہمہ مقتدر لوگ ایسی نزاکتوں کا خیال رکھیں اور رائے عامہ کو ساتھ لے کر چلیں۔ اے کاش او آئی سی کا یہ سربراہی اکٹھ ان امور کی جانب بھی توجہ دیتا، ایسے مسلم حکمرانوں کی دوستانہ فہمائش کرتا اور انہیں اس امر کی تلقین کرتا کہ ان کی اندرونی و بیرونی پالیسیاں اسلام کی دیدنی سچائیوں اور عوامی ہمدردیوں سے لبریز ہونی چاہئیں، یہ کسی بیرونی آقا کے اشاروں پر ترتیب نہ دی گئی ہوں بلکہ خود مختار ملکوں کی آزادانہ پالیسیاں ہوں۔ اس سے غضب نا کی خود بخود سرد ہو جائے گی اور امن و آشتی کا دور دورہ بھی ہوگا۔

## مسافرانِ آخرت

☆ مدرسہ معمورہ ملتان کے معاون جناب محمد اسحٰق کے ماموں (کراچی۔ ۲۵ر ستمبر ۲۰۰۳ء)

☆ رانا عبدالرشید مرحوم (ابن امولانا چراغ دین ہوشیار پوری) احرار کارکن، جھنگ

☆ ہمشیرہ مرحومہ، میاں عبدالغفار نکیانہ سیال (احرار کارکن، جھنگ)

☆ مجلس احرار اسلام ناگڑیاں (ضلع گجرات) کے امیر چودھری ریاضت خان گجر کی صاحبزادی۔

☆ سید عطاء المحسن بخاری رحمہ اللہ کے دوست چودھری غلام غوث کھیٹر مرحوم آف ناگڑیاں (ضلع گجرات) کی صاحبزادی

☆ اہلیہ مرحومہ محترم عبدالکریم قمر (کمالیہ) ۱۴ر اکتوبر ۲۰۰۳ء

☆ مدرسہ معمورہ ملتان کے باورچی محترم بشیر احمد کی کم سن بچی (مظفر گڑھ)

☆ مدرسہ معمورہ ملتان کے خادم ابو معاویہ حافظ محمد فاروق کی خوش دامن مرحومہ ۲ر اکتوبر ۲۰۰۳ء

اللہ تعالیٰ تمام مرحومین کی مغفرت اور پسماندگان کو صبرِ جمیل عطاء فرمائے۔ (آمین)

## دُعائے صحت

☆ ہمارے مخلص دوست اور معاون جناب حاجی غلام رسول قریشی (ملتان) ☆ جناب اللہ رکھا (ملتان)

☆ جناب خان امان اللہ خان (ملتان) ☆ والدہ صاحبہ ملک محمد فاروق (کبیر والہ)

اللہ تعالیٰ تمام مریضوں کو صحتِ کاملہ عطاء فرمائے۔ (آمین)